Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۴ دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء	نمبر ۴۹

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۸ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء

بنظر مناسب حکم ہوا کہ

قاضی سلیم الحق پیشکار صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات اپنی موجودہ تنخواہ پر صیغہ مال میں تبدیل ہو کر نائب تحصیلدار مقرر ہوں ۔ اور بجائے انکے منشی خورشید احمد ضیائی نائب تحصیلدار اپنی موجودہ تنخواہ پر بعہدہ پیشکاری دفتر صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات میں تبدیل کئے جائیں ۔ احکام مناسب جاری ہوں ۔

[illegible]

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۲ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب پیشی رپورٹ اُستاد محمد وزیر خان صاحب ۔ حسین بخش محرر صیغہ ارباب نشاط کی تنخواہ موجودہ مین ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا ۔

تقرر

۲۳ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات ۔ عبد الکریم سب اُوورسیر کا نام ملازمت سے خارج ہوا ۔ اور بجائے اُسکے سید شمس الحسن کا تقرر بشاہرہ صہ تنخواہ اور صہ ماہوار الاؤنس منظور فرمایا گیا ۔

۲۲ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات ۔ جمیل احمد خان کا تقرر بشاہرہ عسہ ماہوار بعہدہ پیشکاری سب ڈویزنل افسر منظور فرمایا گیا ۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ نومبر ۱۹۲۲ء

سینیٹری ڈاکٹر صاحب کی مزید رخصت ایک ہفتہ کی منظور ہوئی ۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۹ اکتوبر ۱۹۲۲ء

اصل یادداشت اعلان جلسہ نیلام ۲۰ جولائی ۱۹۱۸ء نمبری ۱۳ جو ذریعہ عرضداشت ۲ اگست ۱۹۱۸ء نمبر ۳۴ صفحہ چہارم کی سطر ۹ - ۷ مین مذکور ہے ۔ ذریعہ حکم ۵ ستمبر ۱۹۱۸ء منظور شدہ اجلاس ہمایون ہے ۔ لہذا حکم قانون کا رکھتی ہے کاغذات استصواب بخدمت ناظم صاحب واپس ہوں ۔

نقل یادداشت اجلاس جناب ناظم صاحب بہادر

مثل اپیل بیدخلی نمبری ۸۷

چوٹے وغیرہ ۳ کس کاشتکاران پایکاشت مدعاعلیہم اپیلانٹ بنام حامد علیخان وغیرہ مستاجران مدعیان رسپانڈنٹ

اپیل بنارضی فیصلہ منشی شیث احمد صاحب تحصیلدار شاہ آباد نمبری ۳۳ منفصلہ ۱۴ مئی ۱۹۲۲ء بابت منسوخی ڈگری بیدخلی ۹ بیگھے ۱۲ بسوے خامگانی بارانی موضع چکاسی علاقہ قدیم تحصیل شاہ آباد

مثل مندرجہ عنوان پیش ہوئی ۔ رسپانڈنٹ نے اپیلانٹ پایکاشت پر بنا اضافہ بحوالہ دفعہ ۱۴ ضمن چہارم دستور عامدیہ بلا اجازت اجلاس اعلےٰ نالش بیدخلی دائر کی ۔ عدالت ماتحت نے بعد تحقیق تجویز کیا کہ اس گاؤنکا بندوبست من ابتدا ۱۳۲۴ف بشرح ۲ روپے فی بیگہ خام بنام مدعیان رسپانڈنٹ ہوا ہے ۔ یہ شرح اسامیان کنان دیہہ کے ساتھ محدود ہے ۔ پایکاشتہ اس شرح سے جدا ہین اور اپیلانٹان حصول حق دخیلکاری سے بمشاء احکام دستور عامدیہ محروم و ممنوع ہین ۔ بدیں وجہ حکم امتناعی قانون کی بدولت وہ کوئی ذی حق نہین ہین ۔ اور پایکاشت کاشتکار باختیار مستاجر ہین وہ بیدخل ہوسکتے ہین ۔ اس کی کا اثر اُنسے غیر متعلق ہے ۔ اپیلانٹ عمر فی بیگہ خام شرح ادا کرتے تھے ۔ اپیل ہذا مین بتراضی باہمی فریقین عمر فی بیگہ خام شرح کی درخواست گذری ہے ۔ حکم ۱۶ جولائی ۱۹۲۱ء مندرجہ گزٹ ۲۵ جولائی ۱۹۲۱ء نمبر ۳۰ جلد ۳۲ مین عام اس سے کہ اسامیان ساکنان دیہہ ہون یا پایکاشتہ اُنپر نالش بیدخلی بربناء اضافہ بلا اجازت دائر کرنا ممنوع قرار دیا گیا ہے ۔ مگر عدالت ماتحت نے حکم مذکور کو ناقابل عمل قرار دیکر فیصلہ دیا ہے ۔ بنا بر نتیجہ اُنکی بحث کا یہ ہے کہ حکم ۱۶ جولائی ۱۹۲۱ء کی منظوری اجلاس ہمایون سے نہین ہوئی ہے ۔ اسلئے دفعہ ۵ دستور عامدیہ کے اندر وہ حکم ۱۶ جولائی ۱۹۲۱ء نہین باقی قبل اسکے کہ اس مثل پر نظامت سے کوئی تجویز کیجائے استصواباً اجلاس عالی مین گزارش ہو کہ در اصل حکم ۱۶ جولائی ۱۹۲۱ء کا اثر مثل قانون کے ہے یا نہین اور اس قسم کے اپیلونمین بہ پابندی قانون فیصلہ دیا جائے یا بحکم متذکرہ مندرجہ گزٹ کے منشا کے موافق فیصلہ دیا جایا کرے ۔ مراد صدور حکم باجلاس اعلےٰ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مع مثل پیش ہو ۔ ۱۹ اگست ۱۹۲۲ء

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۵ نومبر ۱۹۲۲ء

عرضداشت ناظم صاحب سررشتہ دار صاحب در بارہ انتظام واصلباقی نیوسپی تحصیل شاہ آباد و ملک و بلاسپور کے کاغذات پیش ہوئے ۔ رپورٹ ناظم صاحب و سررشتہ دار صاحب صدر ملاحظہ ہوئی ۔ لہذا بنظر مناسب و حسب رائے ناظم صاحب حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے ۔

۱- پریم نراین داصلباقینولیس تحصیل ملک مشاہرہ دار عہ ماہوار کو دارالانشا مین جانے کی اجازت دیجاتی ہو- تاریخ دیئے چارج سے اسکا نام داصلباقینولیسی تحصیل ملک سے خارج کیا جائے-

۲- اسندی پرشاد قائم مقام داصلباقینولیس بلاسپور مشاہرہ عہ ماہوار منتقل ہوکر داصلباقینولیسی تحصیل ملک پر تبدیل کیا جائے-

۳- نظیر حسین سیاہہ نولیس تحصیل شاہ آباد مشاہرہ دار عہ ماہوار باضافہ پانچ روپیہ ماہوار عہ ماہوار پر داصلباقینولیس بلاسپور مقرر کیا جائے-

۴- جھنی لال داصلباقینولیس تحصیل شاہ آباد مشاہرہ دار عہ ماہوار جو کہ علالت سے صحتیاب نہین ہوا ہو- لہذا ملازمت سے سبکدوش کیا جائے-

۵- نثولال داصلباقینولیس بلاسپور مشاہرہ دار عہ ماہوار جو شاہ آباد مین عارضی طور پر تعینات ہو اپنی موجودہ تنخواہ پر داصلباقینولیسی شاہ آباد پر منتقل کیا جائے-

۶- بندیسری پرشاد اہلمد سررشتہ داصلباقینولیس صدر جو عہ ماہوار سیاہہ نولیسی تحصیل حضور پر عارضی تعینات ہو- اپنی تنخواہ موجودہ پر مستقل کیا جائے-

۷- بجائے سیاہہ نولیس تحصیل شاہ آباد مندسروپ پسر جھنی لال داصلباقینولیس تحصیل شاہ آباد اس نظر سے کہ جھنی لال پرانا ملازم تھا اسکے استحقاق پر نظر کرکے اسکے پسر کا تقرر بمشاہرہ عہ ماہوار امتحاناً برائے چھ ماہ منظور ہے بعد چھ ماہ اسکی حالت کارکردگی سے اطلاع دیجائے-

۸- بجائے بندیسری پرشاد اہلمد سررشتہ داصلباقینولیس صدر حاکم صاحب صدر تجویز کرکے رپورٹ بھیجین تاکہ حکم دیا جاے- احکام ضابطہ حسب صراحت رپورٹ ناظم صاحب جاری ہون- نقل حکم بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہو-

[illegible]

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب استمزاج بندگان حضور معلے دام اقبالہم وملکہم- صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کی تین ہفتہ کی رخصت ۱۶ نومبر سنہ حال سے منظور ہوئی- ایام رخصت صاحب موصوف مین ناظم صاحب آبکاری کا کام انجام دینگے-

اضافہ مع عہدہ

۱۸ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس- فاروق بیگ کلارک مشاہرہ دار للعہ ماہوار کا تین روپیہ ماہوار اضافہ مع عہدہ ہیڈ کانسٹبلی بجائے ضیاءالدین خان ہیڈ کانسٹبل متوفے منظور کیا گیا-

اضافہ

۲۰ نومبر ۱۹۲۲ء

محمد جان خان اہلمد اجلاس مشاہرہ دار عہ اور حامد حسین اہلمد مشاہرہ دار عہ ماہوار کی تنخواہ مین دو دو روپیہ ماہانہ اضافہ منظور کیا گیا-

۲۰ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ ناظم صاحب وتحصیلدار صاحب حضور تحصیل- منشی کرپا دیال داصلباقینولیس حضور تحصیل کی تنخواہ موجودہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ بلحاظ کثرت کار منظور ہوا-

رخصت

۲۲ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب پیشی نوٹ ناظم صاحب- مزید رخصت یک ہفتہ منشی احمد رضا خان ناظر نظامت علاوہ رخصت یکہفتہ منظور کردہ ناظم صاحب بوجہ علالت منظور ہوئی-

۲۶ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور معلے دام اقبالہم وملکہم دس روز کی رخصت سید شبیر حسین سب انسپکٹر گنج کی منظور کی گئی-

اضافہ

۲۷ نومبر ۱۹۲۲ء

محمود علیخان اہلمد اجلاس وعبدالودیع اہلمد اجلاس مشاہرہ دار عہ ماہوار کی تنخواہ مین ؏؏ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا-

۳۰ نومبر ۱۹۲۲ء

کنہیا لال نائب داصلباقینولیس صدر کی موجودہ تنخواہ مین حسب تحریر حاکم صاحب تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا-

ملخص احکام اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

اضافہ جات

۲۹ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب سفارش دیوان صاحب صدر- اہلمدان مندرجہ تحت کی تنخواہ مین-

بصلہ حسن انجام خدمات اضافہ منظور کیا گیا۔

منشی مرلی سہائے اہلمد	مشاہرہ	[illegible]	[illegible]
منشی ضیاء الکبیر	"	[illegible]	[illegible]
منشی نند کشور	"	[illegible]	[illegible]
منشی نرنجن سہائے	"	[illegible]	[illegible]

۲۸ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب سفارش بخشی صاحب فوج اہلمدان مندرجہ تحت متعلقہ بخشی خانہ کو بصلہ حسن سر انجام خدمات اضافہ مصرحہ تحت منظور کیا گیا۔

۱ - منشی بابو پرشاد	مشاہرہ	[illegible]	[illegible]
۲ محمد حامد حسین خان	"	[illegible]	[illegible]
۳ سید فخر الدین	"	[illegible]	[illegible]
۴ منشی منی لال	"	[illegible]	[illegible]
۵ منشی احمد نبی خان	"	[illegible]	[illegible]
۶ سید ناصر علی	"	[illegible]	[illegible]
۷ منشی نراین سہائے	"	[illegible]	[illegible]
۸ محمد عنبر خان	"	[illegible]	[illegible]
۹ سید ابو الحسن	"	[illegible]	[illegible]

۲۸ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب سفارش ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ۔ اہلکاران آڈٹ مندرجہ تحت کی موجودہ تنخواہوں میں بصلہ حسن خدمات [illegible] روپیہ ماہوار اضافہ حسب صراحت منظور ہوا۔

۱ - منشی رنجیت بہادر	مشاہرہ	[illegible]	[illegible]
۲ - منشی بھگوان داس	"	[illegible]	[illegible]
۳ منشی صابر علیخان	"	[illegible]	[illegible]
۴ - منشی احسان باقی ناظر	"	[illegible]	[illegible]
۵ منشی نیاز بہادر خان	"	[illegible]	[illegible]
۶ منشی حبیب حسن بیگ	"	[illegible]	[illegible]
۷ رام بھروسے لال	"	[illegible]	[illegible]
۸ منشی نوبت رائے	"	[illegible]	[illegible]
۹ منشی مظہر احمد ہیڈ اپریشن	"	[illegible]	[illegible]

اضافہ

۶ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب تحریر دیوان صاحب صدر۔ منشی گردھاری لال جمع خرچ نویس رکچھ موجودہ مشاہرہ پر پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بصلہ حسن انجام خدمت منظور کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر محکمہ تعمیرات و انہار

واقع ۲۲ نومبر ۱۹۲۲ء

آیندہ محکمہ انہار سے تخمینہ آبپاشی ماہوار ہمارے پاس آنے کی ضرورت نہیں لہذا

حکم ہوا کہ

بہ اجرائے نقل روبکار ہذا منیجر صاحب انہار کو اطلاع دیجائے کہ وہ اسکے متعلق صاحبان علاقہ کو تاکیدی حکم دیں - اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری مین مرسل ہو۔

(دستخط) سکرٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر محکمہ تعمیرات و انہار

واقع ۲۲ نومبر ۱۹۲۲ء

تحریری یادداشت صاحب علاقہ صدر وے و کنسٹرکشن سب ڈویژن متعلقہ ریاست رامپور مورخہ ۲۰ نومبر ۱۹۲۲ء بدین مضمون کہ بوجہ تکمیل کارہائے ضروری اکثر ٹھیکہ داران کو نزدات کے روپیہ دیا جاتا ہے لیکن تقسیم بل چونکہ اجلاس منیجر صاحب انہار سے ہوتی ہے۔ لہذا بیشتر احتمال رہتا ہے کہ کوئی ٹھیکہ دار بغیر وضع نزدات کل روپیہ وصول نہ کرلے علاوہ ازین اکثر صاحب موصوف دورہ پر ہوتے ہیں بدیں وجہ تقسیم بلہائے میں زیادہ دیر ہو جاتی ہے جسکی وجہ سے نزدات کے حساب صاف ہونے میں دیر ہوتی ہے۔ لہذا اگر مناسب رائے عالی ہو تو بلہائے متعلقہ سب ڈویژن ہذا کی تقسیم سب ڈویژن کی معرفت منظور کی جائے۔ لہذا بغرض صدور حکم مناسب باجلاس جناب صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت مرسل ہو۔

حکم ہوا کہ

یہ عام حکم جاری کیا جائے کہ تقسیم بلونکی سب ڈویژن ہائے متعلقہ سے ہوا کریگی۔ دفتر صدر کو کسی سب ڈویژن کے بل کی تقسیم سے کوئی مطلب نہیگا کوئی نزدات گرد فتر سے دریافت کی اطلاع باضابطہ ادہر اسب ڈویژن ہای متعلقہ کو اور جب بل دفتر صدر مین نئے تو انہیں وہ رقم کو تنخیص کرکہ ٹھ سے دکہائی جائے نقل حکم بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری میں بھیجی جائے - اور ایک ایک نقل محکمہ جات متعلقہ مین بہیجی جائے۔

(دستخط) سکرٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۶ نومبر لغایت ۲ دسمبر ۱۹۲۲ء

کیفیت	ٹانڈہ	سوار	بلاسپور	ملک	شاہ آباد	حضور تحصیل	نام جنس
دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا	۱۷ ار				۱۷ ار	۱۶ ار	گندم
	۹ ۱۰ ار				۸ ۱۰ ار	۸ ار	نخود خالص
	۱۰ ار				۹ ار	۱۰ ار	نخود کم آمیز
	۱۰ ار				۹ ار	۱۱ ار	کستہ
	۸ ار				۹ ار	۸ ار	ماش
	۶ ۱۰ ار				۰	۷ ار	مونگ
	۱۰ ار				۰	۹ ار	مکا
	۱۱ ار				۱۰ ار	۱۱ ار	جئی
	۹ ار				۰	۰	گوجئی
	۶ ار				۰	۸ ۱۰ ار	عدس
	۰				۰	۹ ار	ارہر
	۵ ار				۵ ار	۵ ار	برنج
	۳ ر ار				۳ ر	۳ ر ار	روغن زرد
	۱۰ ار				۱۰ ار	۰	روغن سیاہ
	۱ ار				۱ ر ار	۰	روغن کنجد
	۱۱ ر ار				۱۰ ار	۱۲ ر ار	نمک سانبھر
	۷ ار				۶ ار	۶ ار	نمک لاہوری
	۳ ار				۴ ار	۳ ۱۰ ار	قند سیاہ
	۱۰ ار				۹ ار	۹ ار	باجرہ